تعالے براے شناخت خویش خود را
درین مظہر پوشیدہ داشت

ونقدس کرتے ہین یعنی خلافت کے
مستحق ہین نہ انسان جو خون ریزی
کرتا ہے اور برے لوگون سے عتاب
فرما کر کہیگا کہ تم کیون فرشتون کے
سامنے شرمندہ ہوے گو اس کمال
وزوال کا خالق وہی ہے لیکن
بظاہر یہ سب حکمت پر مبنی ہے اور
خرابی بدن مین بھی حکمت ہے کہ
نئی چیز کی اگرچہ نیاپن اوس مین
یہ انا ہو مگر وقعت زیادہ ہوتی ہے
چنانچہ ہر طرح کا لباس کہ جو اپنی
قسم مین مختلف ہے گزہی سے بدنما
ہے اور تن زیب سے خوش نما لیکن
موحدین صوفیہ صافیہ کے نزدیک
یہ سب ایک ہے جو تعمیر ہے وہ تخریب
ہے جو تخریب ہے وہ تعمیر ہے اور
یہ کمال رحمت ہے کہ واجب تعالے
اپنی شناخت کے لیے آپ
اس مظہر مین پوشیدہ ہوا اور

اکنون تکمیل جزئی کہ عبارت از حصول
کمالات است کردہ بہ تکمیل کلی کہ مراد
ازخرابی این مظہر وصاف برآوردن
خود است پرداختہ است۔

فائدہ مولانا رفیع الدین دہلوی در
جواب سائلے ارقام می فرمایند کہ
درین آیت وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ
وَالْإِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ سہ اشکال
متوہم می شوند یکے در لام تعلیل کہ قدریہ
افعال الٰہی را معلل بہ غرض می دانند
واہل سنت وحکما تعلیل بہ غرض
در افعال الٰہی محال می گویند وانچہ
اقرب بہ صواب می نماید آن ست کہ
ملا سعد الدین تفتازانی در شرح مقاصد
اختیار کردہ کہ جمیع افعال الٰہی را
تعلیل بہ غرض کردن باطل است
بہ جہت لزوم تسلسل ونفی غرض بالکلیہ
نیز منافی بسیارے از ادلہ سمعیہ و
عقلیہ است پس بعضی معلل بغرض باشند

تکمیل جزئی یعنی حصول کمالات کر کے
تکمیل کلی مین مشغول ہوا جس سے مراد
مظہر کی خرابی اور اپنے آپ کو اوس سے
صاف نکالنا ہے

فائدہ مولانا رفیع الدین دہلوی
ایک سائل کے جواب مین لکھتے ہین
کہ اس آیت وما خلقت الجن
والانس الا لیعبدون مین تین
اعتراض پیدا ہوتے ہین - ایک لام
تعلیل مین کہ قدریہ افعال الٰہی کو
معلل بہ غرض جانتے ہین اور اہل سنت
وحکما تعلیل بہ غرض افعال الٰہی
مین محال کہتے ہین مگر قریب بہ صواب
وہ ہے جو ملا سعد الدین تفتازانی نے شرح
مقاصد مین لکھا ہے کہ کل افعال الٰہی کو
معلل بہ غرض کرنا بسبب لزوم تسلسل کے
باطل ہے اور بالکل نفی غرض بھی اکثر
دلائل عقلی وسمعی کے خلاف ہے تو
بعض افعال معلل بہ غرض ہونگے

و لیعبدونہ - اشکال دوم در لفظ عبادت
کہ اگر بر عبادت کاملہ یا صحیحہ حمل کردہ
شود بلکہ اگر بر محض معرفت نیز حمل
کردہ آید چنانکہ گفتہ اند در معنی لِیَعْبُدُوْنِ
اے لِیَعْرِفُوْنِ این در جمیع جن
وانس متحقق نیست و تخلف مراد الٰہی
غیر جایز و تحقیق آن کہ حمل بر عبادت
صحیحہ کردہ شود ہر چند متحقق در بعض است
اشکال سوم در حصر از کلمۂ الا مفہوم
است بدلالت وَلَقَدْ ذَرَءْنَا لِجَهَنَّمَ
وَلَا يَزَالُوْنَ تحقیق معنی آیت آنکہ
غایت دو قسم است یکے غایت وجود
نوع یعنی اگر نوع بہ کمال خود متحقق گردد
چنین آثار بروے متفرع باشند و
جائے کہ نباشند آن چیز در ذات
خود موصوف بہ نقصان و خسران باشد
دوم غایت وجود تشخص کہ ہر شخص معین
باخصوصیات خود منشا و مورد چنین آثار
ولوازم باشد خواہ کمال او بود یا

اور لیعبدونہ نہین دوسرا اعتراض لفظ
عبادت مین کہ اگر عبادت کاملہ یا صحیحہ
بلکہ اگر محض معرفت پر بھی حمل کی جاوے
چنانچہ کہا ہے لِیَعْبُدُوْنِ کے معنے
مین کہ لِیَعْرِفُوْنِ یہ کل جن وانس مین
ثابت نہین اور تخلف مراد الٰہی جایز نہین
اور تحقیق یہ ہے کہ عبادت صحیحہ پر حمل
کیا جائے گا اگرچہ بعض ہی مین متحقق ہے
تیسرا اعتراض کلمۂ الا مین حصر کرنے سے
پیدا ہوتا ہے آیۂ ولقد ذرءنا لجہنم و
لا یزالون کی دلالت سے جس کی تحقیق
یون ہے کہ غایت دو قسم کی ہے ایک
غایت وجود نوع یعنی نوع اگر اپنے کمال
سے متحقق ہو تو ایسے آثار اوس پر متفرع
ہون گے اور جہان نہ ہونگے وہ چیز بذاتہ
نقصان سے موصوف ہوگی دوسری غایت
وجود تشخص کہ ہر شخص معین اپنی خصوصیات
سے ایسے آثار ولوازم کا منشا و مورد
ہوگا خواہ اوس کا کمال ہو یا

نقصان ونیز غایت نوع دو قسم است
یکے آنچہ اشرف کمالات است
او را غایت حقیقی ومقصود اصلی توان
گفت دیگر آنچہ کمتر بود او را غایت
ضمنی ومقصود تبعی توان گفت پس
مدلول آیۂ کریمہ این است کہ نہ پیدا
کردہ ام نوع جن وانس را مگر بوضعے
کہ کمال شرف نوعی آنہا عبادت
من است وہر کہ ازین فضیلت قاصر
ماند از کمال خود محروم است ومقصود
در آیۂ ولقد ذرأنا لجہنم غایات
شخصیہ اند یعنی بعضے افراد را ناقص آفریدیم
تا طعمۂ جہنم باشند ودران جا
مظہر انواع قدرت الٰہی ومورد
ہزاران صفات جلال گردند اگرچہ
از کمال نوعی خود دور افتند پس
اختلاف رفع شد مثالش این کہ
مزارع گندم را برائے خودی کارد
ازان جملہ بسیارے طعمۂ جانوران

نقصان اور نوعی غایت بھی دو طرح
کی ہے ایک وہ جو اشرف کمالات ہے
جس کو غایت حقیقی ومقصود اصلی
کہنا چاہیے اور دوسری وہ جو کمتر ہو
جس کو غایت ضمنی ومقصود تبعی کہنا
چاہیے تو آیۂ کریمہ کے معنے یہ ہین کہ مین نے
نوع جن وانس کو نہین پیدا کیا مگر اس
وضع سے کہ اون کا کمال شرف نوعی
میری عبادت ہے اور جو اس عبادت
سے قاصر رہا وہ اپنے کمال سے محروم
ہے اور آیت ولقد ذرأنا لجہنم مین
غایات شخصیہ مقصود ہین یعنی بعض افراد
کو مین نے ناقص پیدا کیا ہے تاکہ
دوزخ کی خوراک بنین اور مظہر انواع
قدرت الٰہی ومورد صفات جلال
ہون اگرچہ اپنے کمال نوعی سے دور
پڑین پس اختلاف جاتا رہا جس کی مثال
یہ ہے کہ کسان گیہون اپنے لیے بوتا
ہے جس مین بہت کچھ جانورون کی غذا

می شود و لب یارے در خاک ضایع
می گردد و بعضے سوختہ می گردد این
بحسب غایت شخصیہ است و برخے
بکار می آید در ضماد و مرہم و پیوند
کاغذ ہا این ہم غایت کمالیہ است
کہ منفعت مقصود است اما در جنب
منفعت کہ خواہد شد شمار نتوان کرد
و برین قیاس باید کرد احوال اکثر
صناعات بلکہ پرورش کردن اکثر
حیوانات کہ ہر قسم اغراض و غایات
در وے متحقق می باشد واللہ اعلم
مختصر این کہ ہمچنانکہ امر الٰہی دو قسم است
تکوینی و تشریعی ہمچنین غایات نیز
دو قسم اند تکوینی و تشریعی مثلاً غایت
تشریعی شمس و قمر معرفت مواقیت
و استدلال بر صانع است و تکوینی
اصلاح عناصر و موالید بلکہ عالم
است چنانکہ امر تکوینی را تخلف نیست
و تشریعی را ہست ہمچنان غایت

ہوتا ہے اور بہت سا مٹی مین ضایع
ہو جاتا اور کچھ جل جاتا ہے یہ غایات
شخصیہ کے موافق ہے اور کچھ ضماد و
مرہم اور کاغذ جوڑنے مین کام آتا ہے یہ
غایت کمالیہ ہے کہ منفعت مقصود ہے
لیکن نفع کے مقابلے مین ان نقصانات
کو شمار مین نہین لاتے اور اسی پر اکثر
صنعتون کا حال قیاس کرنا چاہیے بلکہ
اکثر جانورون کی پرورش کہ جس مین
ہر قسم کے اغراض و غایات متحقق
ہوتے ہین واللہ اعلم مختصر یہ کہ
جس طرح حکم الٰہی دو قسم پر ہے تکوینی
و تشریعی اسی طرح غایات بھی دو قسم
پر ہین تکوینی و تشریعی مثلاً غایت
تشریعی آفتاب و ماہتاب دریافت
اوقات اور صانع پر استدلال ہے
اور غایت تکوینی عناصر و موالید بلکہ
تمام عالم کی اصلاح ہے جس طرح امر تکوینی
کو تخلف نہین اور تشریعی کو ہے اسی طرح غایت

تکوینی را تخلف نیست و تشریعی را
هست پس معنیش آنکه غایت تشریعی
خلقت جن و انس عبادت است
بجا آوردن یا نه و غایت تکوینی تعمیر
نشأتین است که آن حتمی الوقوع است
انتهی و حاشا ازین تقریر سابق
نه فهمی که قائل به جبر محض شده ام
اما این مسئله جبر و اختیار که
اهم المسائل است اگر خواهی نیستر
قدرے بشنو مذهبے نیست که
خرمنش سوخته این صاعقه
نه باشد و ملتے نه که شورابه این بلا
جگرش نه خراشد برهمی اصول و
عقاید خدا پرستی و ایجاد فصول
و قواعد ناخداترسی را اسطقسم
همین یک مسئله باعث است
نیچریان اندرین سموم خیز
وادی بادها بیهوده اند چنانکه
سروده اند که اولاً انسان بالکلیه

تکوینی کو تخلف نہین اور تشریعی کو ہے تو
اس کے معنے یہ ہین کہ پیدائش جن و
انس کی غایت تشریعی عبادت ہے
بجا لائین یا نہ لائین اور غایت تکوینی
تعمیر عالم ہے جو حتمی الوقوع ہے انتہے۔
اور ہرگز پہلی تقریر سے یہ نہ سمجھنا چاہیے
کہ مین جبر محض کا قائل ہوا ہون لیکن
یہ مسئلہ جبر و اختیار جو مشکل ترین
مسائل سے ہے اگر چاہو تو تھوڑا سا سن لو
کیونکہ کوئی ایسا مذہب نہین جس کی
خرمن پر یہ بجلی نہ گری ہو اور نہ کوئی
ایسا مشرب جس کا جگر اس کی
وجہ سے خون نہ ہو۔ اصول و عقائد
خدا پرستی کی برہمی اور فصول و
قواعد ناخداترسی کی ایجاد کا
سبب یہی ایک مسئلہ ہے۔
نیچریون نے اس وادی سموم خیز
مین بہت خاک اڑائی ہے چنانچہ
کہتے ہین کہ اولاً انسان بالکلیہ

از فطرت مجبور است و در صورت
تعین و تحقق قادر مطلق مجبور محض
یعنی چہ سان تواند کہ پیش قبضۂ
قدرتش دم اختیار زند جز این کہ بہ
مشیت وے تن زند چہ بہ سبیل
منع الخلو از احد الامرین لابد است
کہ یا آن خدائے احسن است یا
معاذ اللہ قبیح پس بہ فرض صورت
اولے وجود قبیح کہ خلاف رضائے
قضائے وی است چون موجود شد
ما احسن چرا نہ شدیم بالعکس
این کہ آن را قبیح انگاریم چون توانیم
کہ از گریبان نکوئی سر برآریم
لاجرم ضرور شد کہ قبیح شویم تا
خلاف مرضی او نہ شود بہر حال
مسائل شتّٰی مثل مشیت و تقدیر
ایزدی و وجود نیکی و بدی و سزا
و جزا وغیرہ تعلق بدین مسئلہ
دارند و فحوائے این مباحث خداد

فطرت سے مجبور ہے اور درصورت
تعین و ثبوت قادر مطلق مجبور
محض یعنی کیسے اوس کے قبضۂ
قدرت کے سامنے اختیار کا
دم بھر سکتا ہے بجز اس کے کہ
مشیت ایزدی پر سکوت کرے
اب دو حال سے خالی نہین یا
وہ خدا اچھا ہے یا برا اگر اچھا
ہے تو برا اوس کی مرضی کے
خلاف کیسے موجود ہوا اور ہم اچھے
کیون نہ ہوے ۔ اور اگر وہ برا ہے تو
ہم اچھے کیسے بن سکتے ہین
خواہ مخواہ خراب ہون گے تاکہ
اوس کی مرضی کے خلاف
نہ ہو ہر حال مختلف مسائل
مثلاً مشیت و تقدیر ایزدی و
وجود نیکی و بدی و سزا و جزا
وغیرہ اسی مسئلے سے متعلق
ہین اور ان مباحث کا مضمون خدا

وخدائیش را بہ مفہوم کالعدم می آرد
پس درین مقام بہ بیان چند چیز
کہ بمنزلۂ مبادی مقدمہ توانند بود
حاجت افتاد تا این سخن تمام
شود اوّل اثبات وجود خیر و شر بر
طبق مذاہب مختلفہ دوم ماہیت
ونوعیت مرضی و اختیار سوم اثبات
وجود اختیار در انسان کہ موضوع
مسئلہ ہمان ست۔ چہارم بیان
آن کہ تعمیل امر مرضی الٰہی محتاج
مرضی ما نیست اما در مقام اول کہ
مطلوب اثبات وجود خیر و شر بر
وفق مذاہب مختلفہ باشد پس
اول الاولین و اسبق السابقین
آویزندگان آتش پرست بودند کہ
از بادۂ پر زور توحید مست بودند چون
بہ تاسیس اساس کاخ وحدت
سخت کوشیدند ہر فرد را خدا
گفتند و مبدء خیر محض انگاشتند

اور خدائی کو کالعدم کرتا ہے لہٰذا
یہاں چند امور کے بیان کرنے کی
جو بمنزلۂ مبادی مقدمہ ہو سکتے ہین
ضرورت پڑی تا کہ یہ بات تمام ہو
اوّل اچھائی و بُرائی کا وجود مختلف
مذہبون کے موافق ثابت کرنا دوسرے
مرضی و اختیار کی ماہیت و نوعیت
تیسرے انسان مین اختیار کا وجود
ثابت کرنا جو موضوع مسئلہ ہے چوتھے
اس کا بیان کہ تعمیل امر مرضی الٰہی
ہماری مرضی کی محتاج نہین لیکن
مقام اول مین کہ نیکی و بدی کا
ثابت کرنا موافق مذاہب مختلف مقصود
ہے تو سب سے پہلے اس کے
متعلقین آتش پرست لوگ ہین
جو بادۂ پر زور توحید سے مست
تھے جب اونھون نے وحدت کو قائم
کیا تو ہر فرد کو خدا کہنے اور خیر
محض کا مبدء سمجھنے لگے ....

اما ہرگاہ کہ از وجود بدی مفر نہ دیدند
ناچار او را بنام اہرمن کہ موجد شر محض
تواند بود انگاشتند و درمیان آنہا
مناقشت شبانروزی نہادند کہ
اول طالب خیر است و ثانی طالب
شر و ہمین سان ہر دو محارب و
معارض می شوند آخر غلبہ و ترجیح
نصیب جانب ثانی است یعنی خیر
محض و دانستنی است کہ گو غلبۂ نکوئی
ازین مستنبط شد لیکن وحدت کلیہ
معدوم شد ثانیاً پیروان کیش
موسوی کہ نزد شان اصل خیر و شر
ہمین قدر است کہ چون صانع عالم
در جنت آلاء گوناگون و نعماء بوقلمون
آفرید بہر شناخت زشتی و نکوئی
نہالے غرس فرمود کہ ثمرش آدم
علیہ السلام بہ اغواے شیطان
نوش فرمود خوردن ہمان بود و
پیش آمدن عیوب ہمان چون

لیکن جب برائی کے وجود سے مفر
نہ دیکھا تو مجبوراً اوسے اہرمن یعنی
شر محض کا موجد کہنے اور اون
دونون مین رات دن کے جھگڑے
اوٹھانے لگے کہ اول اچھائی اور دوسرا
برائی کا طالب ہے اور اسی طرح
دونون لڑتے جھگڑتے ہین آخر
خیر محض ہی کو غلبہ ہوتا ہے مگر یہ
سمجھ لینا چاہیے کہ اگرچہ نیکی کا
غلبہ اس سے پایا جاتا ہے لیکن وحدت
بالکل معدوم ہے دوسرے مذہب
موسوی والے جن کے نزدیک اچھائی
برائی کی اصل صرف اتنی ہے کہ
جب صانع عالم نے طرح طرح کی
نعمتین جنت مین پیدا کین تو اچھائی و
برائی کی پہچان کے لیے ایک درخت
پیدا کیا جس کا پھل حضرت آدم علیہ السلام
نے شیطان کے بہکانے سے کھایا
کھاتے ہی عیوب پیش آئے جب

بہ پاداشش این جرمیہ آدم از بہشت
رانده آمد از ہمان دم میان او و
شیطان بغض قلبی خوانده آمد
ثالثاً عیسوی کیش کہ گو در انجیل
شان اثرے ازین مقال یافتہ
نمی شود لیکن اہتمام و انہماک زائد
از اوشان کسے درین مسئلہ نمی دارد
حتےٰ کہ در عقیدۂ آنہا عموماً چہ نبی
و چہ ولی کسے من حیث الانسانیت
معصوم نیست جرائم دیگر یکسو ہمان
بزه اولین کہ در خلد از آدم علیہ السلام
سر زده بود ہنوز ساقط و عفو نہ شده
است و ازین جاست کہ ضرورت
کفارۂ عیسے علیہ السلام می سنجند رابعاً
اہل اسلام کہ بالاجتماع بہ صراط
مستقیم گام زده اند جائے کہ انسان
را مختار مرضی خویش قرار داده
بحضرت کردگار جوابده اعمال
خویش نیز نہاده اند و حق را از

اوس جرم کی سزا مین بہشت سے
نکالے گئے تو اوسی وقت سے اون
مین اور شیطان مین بغض قلبی
پڑ گیا۔ تیسرے عیسائی لوگ کہ گو
اون کی انجیل مین اس کے متعلق
کچھ بھی نہین ہے مگر جتنا اون کو اس
مسئلہ مین انہماک ہے اوتنا کسی کو
نہین یہان تک کہ عموماً اون کے
عقیدے مین کوئی نبی و ولی بحیثیت
انسانیت معصوم نہین اور گناہون
کو الگ کر کے صرف وہی پہلا گناہ
جو حضرت آدم سے بہشت مین ہوا تھا
اب تک ساقط و معاف نہین ہوا ہے
اور اسی لیے کفارۂ عیسیٰ علیہ السلام
کی ضرورت سمجھتے ہین۔ چوتھے اہل
اسلام جو بہ اتفاق صراط مستقیم پر
چلتے ہین جہان انسان کو اپنی مرضی کا
مختار قرار دیتے ہین وہان اوس کو خدا کے
نزدیک اپنے اعمال کا جوابدہ بھی سمجھتے ہین اور خدا

شوائب نقص و دواعی قدح مبرا
فهمیده اند والحق که همین اقرب
الی الصواب است اما در مقام دوم که
مقصود ماهیت و نوعیت مرضی و اختیار
باشد پس مرضی صرف این سنت
را می گوییم که علت و باعث حدوث
در صدور افعال و اعمال ما همان
تواند بود و ازین جا از اہل خیال دو
گروه هستند یکی آن که مرضی را فی نفسه
قوتے علیحده می پندارند که بطور خود
موجود است و او را پابند اسباب
نمی گویند یعنی مرضی بر اسباب
تقدم دارد نه اسباب بر او و دیگر آن که
مرضی را تابع اسباب می کنند و وجود
سبب را بر وجود مرضی تقدم می دهند
چرا که حدوث خواهشے بلا وجود سببے
محال است مثال هر دو این است
که مثلاً زید و عمرو هر دو بجائے
دلکش که از دیرگاه شایق تفرجش بودند

تمام نقایص وغیرہ سے مبرا سمجھتے ہین
اور بے شک یہی قریب بہ صواب ہے
لیکن دوسرے مقام مین جہان مرضی
واختیار کی ماہیت و نوعیت مقصود
ہے تو مرضی صرف اوس عادت کو ہم
کہتے ہین جو ہمارے افعال و اعمال
کے صدور مین حدوث کا باعث و
علت ہو سکتی ہے اور یہین سے اہل
خیال دو گروہ ہین ایک وہ جو فی نفسہ
مرضی کو ایک علحدہ قوت سمجھتے ہین
کہ وہ بطور خود موجود ہے اور اوسے پابند
اسباب نہین کہتے یعنی مرضی اسباب
پر مقدم ہے نہ کہ اسباب اوس پر
اور دوسرے وہ جو مرضی کو تابع اسباب
کرتے اور وجود سبب کو مرضی پر مقدم
رکھتے ہین کیونکہ بلا سبب کسی خواہش
کا پیدا ہونا محال ہے دونون کی مثال
یہ ہے کہ مثلاً زید و عمرو دونون ایسی جگہ
سیر کرنے چلے جس کے وہ مدت سے مشتاق تھے

خرامیدند اتفاقاً در اثنائے راہ سخن
از مسئلہ جبر و اختیار بمیان آمد
زید بہ رعایت آن بحث کہ مرضی را
تابع اسباب می کند از عمرو گفت
ہمی حرکت شما کہ بہ شوق تماشائے
این جا تکلیف گوارہ نمودید بہ ثبوت
مدعائے من کافی است کہ اگر سبب
نہ بودے چرا شما این جا سے آمدید
عمرو ازین اعراض نمودہ گفت کہ اصلا
پابند سببے نیستم محض بہ اختیار خود
آمدم و از ہمان جا بازگشت پس زید
خروشید کہ بہر نوع مقصود ما حاصل
است حالا شما بر اثبات دعوائے خود
برمی گردید و ہمین سبب است عمرو
بازگفت کہ من ازین رجعت نمونۂ اختیار
خود وا می نمائیم کہ حاشا تابع سبب
نیستم ہرچہ می خواہم می کنم و سببے
مرا مانع نیست الحاصل ہر دو بسخن
خود ہا قائم ماندند و کسے را حظ نہ داد

اتفاقاً راہ مین مسئلۂ جبر و اختیار
مین گفتگو ہونے لگی زید نے اس بحث
کی رعایت سے کہ مرضی تابع اسباب
ہے عمرو سے کہا کہ تم جو تماشہ کے
شوق سے یہان تک آئے یہ میرے
ثبوت مدعا کو کافی ہے اگر سبب نہ
ہوتا تو یہان کیون آتے عمرو نے
کہا کہ نہین مین ہرگز کسی سبب کا پابند
نہین ہون محض اپنے اختیار سے آیا
ہون اور وہین سے لوٹ پڑا زید نے
کہا کہ میرا مقصد ہر طرح سے
حاصل ہے اب تم اپنے دعوے
کے اثبات پر واپس ہوئے اور
یہی سبب ہے عمرو نے جب کہا کہ
مین نے اس واپسی سے اپنے اختیار
کا نمونہ دکھا دیا کہ مین ہرگز سبب
کا تابع نہین ہون جو چاہتا ہون
کرتا ہون غرض کہ دونون اپنی
بات پر قائم رہے اور کوئی قائل نہ ہوا

این بود مثال هر دو خیال اهل خیال
کہ نسبت مرضی است اکنون در مقام
سوم کہ مقصود اثبات وجود اختیار
در انسان است پس چنان ست کہ
هرگاه انسان ضعیف البنیان بمعرض
عتاب رب المنان آمده از بهشت
رانده شد و مرگ سزایش خوانده آمد
از اندیشۂ فکر زیست ناچار شد چراکہ
تا قرب ایزدی بود جمیع کاینات
سر بپای می سود حالیا چون باب
تفقد و تلطف بستہ شد لاجرم بانواع
هموم و غموم خستہ شد اندرین حال
خیالے کہ نخست بقلب انسان پیچیده
همین بود کہ با وجود این چنین اسباب
مخالف اکنون چون شاید زیست
پس از همین جا آغاز اختیار بایه
نگریست کہ اختیار در اصل اقرار
هستی ماست چہ بہستی خود هست
شدیم مقادعیۂ این خواهش کہ

یہ اہل خیال کے خیالون کی مثال
تھی جو مرضی انسانی کی نسبت ہے
اب تیسرے مقام مین کہ انسان
مین اختیار ثابت کرنا مقصود ہے
وہ یون ہے کہ جب انسان معرض
عتاب مین آکر بہشت سے نکالا گیا
اور موت اوس کی سزا مقرر کی گئی
تو وہ اپنی زندگی کے خیال سے مجبور
ہوا کیونکہ جب تک خدا کا قرب
تھا تمام دنیا قدم پر سر رکھتی تھی
اب جو باب عنایت و توجہ بند ہوا
تو ہر طرح کی رنج و پریشانی مین
پڑا اوس حال مین پہلا جو خیال
اوس کے دل مین آیا وہ یہی تھا
کہ باوجود ان مخالف اسباب کے کس
طرح زندگی بسر کرنا چاہیے یہین سے
اختیار شروع ہوا کہ اختیار دراصل اپنی
ہستی کا اقرار ہے کیونکہ جب اپنی
ہستی سے ہم ہست ہوئے تو معاً یہ خواہش

بہمین سان باشیم بدلالت التزامی
سر برزد پس معنی اختیار بحسب
اصطلاح جز این نتواند بود که اختیار
خیال محافظت وجود ماست یعنی
این خیال را که باوجود اسباب
مخالف زنده باشیم در اصطلاح
اختیار نامند اما در مقام چہارم که
ماول بیان محتاج شدن امر
و مرضی الٰہی بہ مرضی ما باشد درین جا
پیش ازان که سخن از نفس
مطلوب گفته آید ایراد نظرے که
معترضان را بود دید این دعوے
دامنگیر خواہد شد واجب می نماید
یعنی خواہند گفت که مرضی محدود که
انسان چون باشد که محتاج الیہ
اختیار غیر محدود حضرت یزدان شد
علاوه ازین که بطلان قدرت قادر
مطلق ازین دعوے می تراود پس
این زعم باطل بدین مثال رفع

کہ اسی طرح ہم رہین بدلالت التزامی
پیدا ہوئی تو اصطلاح کے موافق
اختیار کے معنی اس کے سوا نہ ہونگے
کہ اپنی حفاظت کا خیال اختیار ہے
یعنی اس خیال کو کہ باوجود اسباب
مخالف ہم زندہ رہین اصطلاح مین
اختیار کہتے ہین۔ لیکن چوتھے مقام
مین کہ امر و مرضی الٰہی کے ہماری مرضی
کا محتاج ہونے کا بیان مقصود ہے
بیان پر قبل اس کے کہ نفس مطلوب
بیان کیا جائے اوس اعتراض کا بیان
کرنا جو معترضین کو اس دعوے
کے دیکھتے ہی پیدا ہوگا ضروری
معلوم ہوتا ہے یعنی کہین گے کہ انسان
کی محدود مرضی کیسے حضرت حق کے
غیر محدود اختیار کی محتاج الیہ
ہو سکتی ہے علاوہ اس کے کہ قدرت قادر
مطلق کا بطلان اس دعوے سے پیدا
ہوتا ہے تو یہ بدگمانی اس مثال سے رفع

گردد مثلاً فرض کرده شود که مرضی
بحسب اصطلاح اہل جغرافیہ
گردش زمین است که فلتک آسا
بطرفے که کسے می راند ہمی رود اما
چون روش او موقوف و مشروط بہ
ہمین است که اوّلاً گرد محور گردد تا بعدہ
بجانبے دیگر معاً گرد خود ہم می گردد
که فوت شرط مستلزم فوت جزا است
پس تردید آن ایراد که پیش مرضی پروردگار مرضی
ما بیکار است ازین جا کما ینبغی می شود
چہ ہمی بینی کہ تا فلتک گرد ستونہ خود
نہ گردد ہرگز پیش نہ گردد یعنی گو بہ مجرد
تحرک محرک متحرک خواہد شد و توقع
قصور در تعمیل امر نخواہد کرد اما
ازان جا کہ تحرکش مشروط ہمین است
کہ نخست گرد خود گردد بہ حرکت واحدہ
معاً مصدر دو گردش گردد از گردونش
گردیدن ناچار است پس واضح شد
کہ در تعمیل امر نیز خاص تابع مرضی

ہوتی ہے کہ مثلاً فرض کیا جاوے کہ
مرضی بحسب اصطلاح اہل جغرافیہ زمین
کی گردش ہے چوپھئے کی طرح ہے کہ
جس طرف اوس کو کوئی چلاتا ہے پھرتا
ہے مگر چونکہ اوس کی روش اسی پر
موقوف ہے کہ پہلے محور کے گرد پھرے پھر
دوسری طرف تو معاً اپنے گرد بھی
پھرتا ہے کہ شرط کا فوت ہونا جزا کے
فوت ہونے کا مستلزم ہے پس اس
اعتراض کی تردید کہ خدا کی مرضی کے سامنے
ہماری مرضی بیکار ہے یہان پہ پوری طرح
ہو جاتی ہے کیونکہ جب تک پہیہ اپنے دھرے
کے گرد نہین پھرتا ہے ہرگز آگے نہین گھومتا
یعنی اگرچہ محرک کے حرکت دیتے ہی متحرک ہو جاےگا
اور تعمیل امر مین کوئی قصور نہ کریگا مگر چونکہ اوسکی
حرکت اسی سے مشروط ہے کہ پہلے اپنے گرد گھوم لے
اور ایک ہی حرکت مین دو گردشون کا مصدر ہو
تو اوسکا اپنے گرد گھومنا بھی ضروری ہے تو
معلوم ہوا کہ تعمیل امر مین بھی خاص اپنی مرضی کا

خود است وہمین مطلوب است کہ
جبر نیز عین اختیار است و مجبور
مختار واللہ اعلم بالصواب

سؤال ہفتم چون جن و انس را
برائے شناخت نیز برائے عبادت
خویش آفرید پس معرفت او بر ما
ضروری ست ازین لازم شد کہ ما
ہمہ عبادت او کما حقہ کنیم و اورا
شناسیم زیراکہ ما را برائے این کار
آفریدہ است و اگر چنین است
عذاب و ثواب برائے چیست و اگر
از ما بعضے شناختند و بعضے نہ و عبادت
نہ کردند چرا نہ کردند زیراکہ او قادر
بود چنانکہ فرمود واللہ علیٰ کلِّ
شیءٍ قدیرٌ پس چرا بعض را
باغی از خود کرد۔

اقول بغاوت و اطاعت ہمہ
بہ اقتضائے تعدد مجالی و مظاہر
ہادی و مضل است و نیز بہ غرض

تابع ہے اور یہی مطلوب ہے کہ جبر
بھی عین اختیار ہے اور مجبور مختار ہے
واللہ اعلم

ساتوان سوال۔ جب جن و انس کو
اپنی پہچان اور عبادت کے لیے پیدا
کیا تو اوس کی معرفت ہم پر ضروری ہے
اس سے لازم ہوا کہ ہم سب اوس کی
عبادت خوب کرین اور او سے پہچانین
کیونکہ اوس نے ہم کو اسی کام کے لیے پیدا
کیا ہے اور اگر ایسا ہے تو عذاب و ثواب
کیون ہے اور اگر ہم مین سے بعض نے
پہچانا اور بعض نے نہین اور عبادت
نہ کی تو کیون نہ کی کیونکہ وہ قادر تھا
جیسا کہ فرمایا کہ اللہ ہر چیز پر قادر
ہے۔ تو کیون بعض کو اوس نے اپنا
باغی کر لیا۔

مین کہتا ہون کہ بغاوت و اطاعت
سب بہ مقتضائے تعدد مظاہر ہادی و
مضل ہے۔ نیز اپنی شناخت کی غرض

شناخت خویش کہ اظہار خویش
بہ قیدی شود شناخت بالفعل کہ
در بعضے نیست بسبب تلوث بہ حدثان
و غشاوۂ جسم و جسمانیت بودہ است
چہ نظر بر ظاہر حقیقت من الوجہ
الاطلاقی از اسم و رسم و انتساب
او بہ غیر و انتساب غیر بہ او متعالی
است پس ادراک متعلق بہ این مرتبہ
نشود زیرا کہ ادراک مستلزم تمیز
مدرک است از غیر و درین مرتبہ
امتیاز کلی مفقود است و حکم بہ این
مرتبہ با آنکہ متعقل نمی شود از قبیل
حکم بر مجہول مطلق است و آن ممتنع
آرے در مرتبۂ فنا فی اللہ ادراک
این مرتبہ حاصل می شود چہ کہ
مدرک درین مرتبہ غیر حق نیست و
خفائے حق از غایت ظہور اوست
صوفیہ گویند کہ ادراک حق من حیث
الذات ہرگز در ہیچ حال از انسان بلکہ

ہے کہ اپنا اظہار تقید سے ہوتا ہے اور
بعضون مین جو بالفعل شناخت نہین ہے
وہ بسبب آلودگی حدوث اور حجاب
جسم و جسمانیت کے ہے کیونکہ یہ ظاہر
ہے کہ حقیقت مرتبۂ اطلاق مین اسم و رسم
اور کسی کی طرف منسوب ہونے یا کسی کے
اوس کی طرف منسوب کیے جانے سے
پاک و برتر ہے پس ادراک اُس مرتبے تک
نہین پہونچتا کیونکہ ادراک کے لیے مدرک کا
غیر سے تمیز کرنا لازم ہے اور یہان تمیز بالکل
مفقود ہے اور اس مرتبہ پر حکم کرنا باوجودیکہ
وہ عقل مین نہین آتا ایسا ہے جیسے
مجہول مطلق پر حکم کرنا جو ممتنع ہے ہان
مرتبۂ فنا فی اللہ مین اس مرتبہ کا
ادراک حاصل ہوتا ہے کیونکہ اس مرتبہ مین
مدرک بجز حق اور کوئی ہے نہین اور حق کا
خفا بوجہ اوس کے انتہائے ظہور کے ہے
صوفیہ کہتے ہین کہ ادراک حق من حیث
الذات ہرگز کسی حال مین انسان بلکہ

از ہیچ موجود درین معنے منفک
نیست ہیچ تفاوت میان افراد
موجودات نیست واین ادراک را
معرفت وعلم بسیط خوانند وتفاوت
در ادراک ادراک است وشعور بہ آن کہ
مدرک حق است وتکلیف از جہت
تحصیل این ادراک است کہ آن را
علم مرکب خوانند وبدان کہ از وجہے
اعیان ثابتہ مظاہر حق اند واز وجہے
امر بالعکس پس ہر یک بمنزلہ آئینہ
باشند دیگر را چنانکہ اَلْمُؤْمِنُ
مِرْآۃُ الْمُؤْمِنِ اشارے لطیف
بہ آن می نماید وہر یک بہ نظر جلی
منصبغ بہ صبغ دیگر است صِبْغَۃَ اللّٰہِ
وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰہِ صِبْغَۃً
وَنَحْنُ لَہٗ عٰبِدُوْنَ ونیز باید
انگاشت کہ اعیان ثابتہ کہ صور علمیہ
حق اند بہ اعتبار ثبوت در علم قدیم
حق قدیم اند واز ان وجہ کہ صفات

کسی موجود سے منفک نہین اور اس بارہ
مین افراد موجودات مین کوئی فرق
نہین اور اس ادراک کو معرفت وعلم
بسیط کہتے ہین فرق ادراکِ ادراک
مین ہے اور اس کے شعور مین کہ مدرک
حق ہے اور تکلیف اس ادراک کے حاصل
کرنے کے لیے ہے جسے علم مرکب کہتے ہین
اور جاننا چاہیے کہ ایک وجہ سے اعیان ثابتہ
مظاہر حق ہین اور ایک وجہ سے اس کے
برعکس تو ہر ایک دوسرے کے لیے بمنزلہ
آئینہ کے ہین جس کی طرف اَلْمُؤْمِنُ
مِرْآۃُ الْمُؤْمِنِ مین اشارہ ہے اور
ہر ایک صاف طور پر دوسرے کے رنگ سے
رنگین ہے۔ اللہ کا رنگ ہے اور کون اللہ
سے رنگ مین اچھا ہے اور ہم اس کی
عبادت کرتے ہین اور یہ بھی جاننا چاہیے
کہ اعیانِ ثابتہ جو صور علمیہ حق ہین
وہ بہ اعتبار علم حق مین ثابت ہونے
کے قدیم ہین اور بہ حیثیت صفات

ایشان در وجود ظاہر می شود
موجود اند و ازان وجہ کہ ذات
ایشان بر معدومیت خود باقی ست
معدوم اند و معہذا مرآت وجود حقیقی
اند و چون وجود حقیقی متصف بہ جمیع
صفات کمال است و در ہر مظہر
کہ ظاہر می شود صفات ازو منفک
نے پس ہر یک از اعیان گنجایش
نمایش جمیع اعیان بدین اعتبار
دارد اگرچہ در بعضے بحجاب کمون و
اجمال محتجب است و در بعضے بہ ظہور
و تفصیل ظاہر چنانچہ در عالم و آدم
مفصل است و مراتب تفصیل مختلف
اند و مرآت بودن ایشان وجود را این
ہمہ بنا بر عدم ایشان است چہ
آئینہ تا از رنگ خالی نہ باشد رنگ
ننماید پس ازین بیان واضح
شد کہ در مرتبۂ ذات ما عابد
و معبود ہر دو ایم و در مرتبۂ تعین

وجود مین ظاہر ہونے کے موجود اور بحیثیت
اپنی معدومیت ذاتی پر باقی رہنے کے
معدوم ہین اور پھر بھی آئینۂ
وجود حقیقی ہین اور چونکہ وجود حقیقی کل
صفات کمال سے متصف ہے اور ہر
مظہر مین صفات اوس سے منفک
نہین تو اس اعتبار سے ہر عین ثابت
مین کل اعیان کے ظہور کی گنجایش
ہے اگرچہ بعض مین بوجہ اخفا و
اجمال پوشیدہ ہے اور بعض مین بہ ظہور
و تفصیل ظاہر جس طرح آدم و عالم
مین مفصل ہے اور مراتب تفصیل
مختلف ہین اور وجود کے لیے اون کا
آئینہ ہونا بوجہ اون کی عدمیت
کے ہے کیونکہ جب تک آئینہ بے رنگ
نہ ہوگا اوس مین رنگ معلوم
نہ ہوگا تو اس بیان سے معلوم
ہوا کہ مرتبۂ ذات مین ہم عابد و
معبود دونون ہین اور مرتبۂ تعین مین

عابد خواہ ناقص یا کامل بر طور اختلاف
محل چہ کہ حکم ہر چیز بہ اختلاف
مواضع مختلف می شود مثلاً حکم
آفتاب دیگر و حکم سایہ دیگر آفتاب
اگر بر ظلمت افتد ظلمت دفع شود
و اگر نہ افتد بماند زیادہ زبان درازی
است ہمین قدر کافی است
سوال ہشتم چون حق گفت کہ
شیطان دشمن شما است متابعت
او نہ کنید و الا بدوزخ خواہم فرستاد
پس بگو شیطان بر ما قادر است یا
حق اگر حق است پس چرا گذاشت
کہ متابعت شیطان کنیم و بہ دوزخ رویم
اقول شیطان علم خودی و تعین
ماست گویا حق می فرماید کہ از جہالت
خودی خویش دور مانید ور نہ دوزخ
غیریت و بعد نقد وقت شما است
و مقتضائے آن علم تعدد خودی و
خدائی ست و موجب جزا و سزا

صرف عابد خواہ ناقص ہون یا کامل
حسب اختلاف محل کیونکہ ہر چیز کا حکم
بہ اختلاف مواضع مختلف ہوتا ہے مثلاً
آفتاب کا حکم اور ہے اور سایہ کا حکم اور
آفتاب اگر ظلمت پہ چمکے تو ظلمت دفع ہو جائیگی
اور اگر نہ چمکے تو رہے گی۔ زیادہ زبان درازی
بیجا ہے اسی قدر کافی ہے۔
آٹھوان سوال خدا نے جو یہ فرمایا کہ شیطان
تمھارا دشمن ہے اوس کی پیروی
نہ کرو ورنہ ہم دوزخ مین بھیجین گے تو شیطان
ہم پر قادر ہے یا خدا اگر خدا ہے تو اوس نے
کیون ہم کو شیطان کی متابعت کرنے
اور دوزخی ہونے کے لیے چھوڑ دیا۔
مین کہتا ہون کہ شیطان ہمارے تعین و خودی
خودی کا علم ہے گویا حق تعالے فرماتا ہے کہ
اپنی خودی و جہالت سے دور رہو ورنہ دوزخ
غیریت و بُعد تمھارا نقد وقت ہے
اور اوسی علم کا مقتضا تعدد خودی و
خدائی ہے اور وہی سبب جزا و سزا

وسیاست - دیگر بحث این مسئلہ از
سابق فہمیدنی است
سوال نہم - ابلیس بہ آدم چرا سجدہ
نہ کرد و از خطاب حق سر کشید آیا حق
بر ابلیس قادر بود یا نہ بر تقدیر ثانی
کفر لازم می آید و بر تقدیر اول گویا
حق نہ خواست دریں صورت لعنت
بر ابلیس چرا است -
اقول ابلیس عبارت ست از مظہر
انانیت و امر بہ سجدہ بدین غرض
بودہ کہ حق سبحانہ بہ کمال رحمت
فرمود کہ این انانیت بہ سجدہ کہ در حقیقت
تواضع است مبدل بہ انکسار گردد امر
بہ سجدہ آن ہم بہ تقاضاے مظہریت
بودہ تمرد و سرکشی از انانیت و
محکومیت - تعبیر این مسئلہ مانند آن است
کہ کسے جزو خود را از خود جدا سازد و
او راضی نہ بود مگر بہ مجبوری حتے الوسع
گردن کشی کند ہر چند کہ ناتوان

وسیاست ہے باقی اس مسئلہ کی بحث
بیان سابق سے سمجھنا چاہیے -
نوان سوال شیطان نے حضرت آدم کو
کیون نہ سجدہ کیا اور خدا کا حکم کیون نہ مانا
خدا شیطان پر قادر تھا یا نہین دوسری
صورت مین کفر لازم آتا ہے اور پہلی
صورت مین گویا خدا نے خود نہ چاہا پھر
شیطان پر لعنت کیون ہے -
مین کہتا ہون کہ شیطان سے مظہر
انانیت مراد ہے اور سجدہ کا حکم اسی غرض
سے تھا کہ خداوند تعالے نے کمال رحمت
سے فرمایا کہ یہ انانیت سجدہ سے جو درحقیقت
تواضع ہے مبدل بہ انکسار ہوجائے اور
سجدہ کا حکم بھی تقاضاے مظہری سے تھا
اور سرکشی انانیت محکومیت سے ہے
اس مسئلہ کی تعبیر یون ہے کہ جیسے
کوئی اپنا جزو اپنے سے جدا کرے
اور وہ راضی نہ ہو مگر مجبورا حتے الوسع
گردن کشی کرے گا اگرچہ ناتوان

محض است مگر اقتضاے آن وقت
وحالت ہمین است صوفیہ گویند
کہ ابلیس یعنی مظہر اسم مضل را چون
ہنگام ظہور رسید اسم مظہر رحمت خاص
رسید بران رضی نشد و نظر رحمت
بران کلمۂ لعن کہ عبارت از دور انداختن
است راند و این ہمہ مظاہر اند
لعن مظہر قہر و جلال و حلم مظہر جمال
و کمال و این ہمہ یکے اند کذا سمعت
عن جدی و استاذی مولانا
شاہ نقی علی قلندر نور اللہ ضریحہ
المعطر

سوال دہم چون مقصود از ایجاد
خلایق اظہار فضل است پس دوزخ و
عذاب براے چیست۔

اقول مقصود از ایجاد صرف اظہار
فضل نیست بالذات بلکہ دیدن خود است
باقی دوزخ براے تنقیح آن ظہور است
کہ بہ تلوث امکان متلوث گشتہ

محض ہے مگر اوس وقت وحالت
کا مقتضا یہی ہے۔ صوفیہ کہتے
ہین کہ ابلیس یعنی مظہر اسم مضل
کا جب وقت ظہور ہوا اسم مظہر
رحمت خاص پہونچا اوس پر راضی نہ
ہوا اور نظر رحمت اوسی کلمۂ لعنت
پر رکھی جس سے مراد دور پھینکنا ہے
اور یہ سب مظاہر ہین لعنت مظہر قہر و
جلال اور حلم مظہر جمال و کمال ہے اور یہ سب
ایک ہین ایسا ہی مین نے اپنے جد و
استاد حضرت مولانا شاہ نقی علی قلندر
سے سنا۔

دسوان سوال۔ جب کہ ایجاد
خلق سے اظہار فضل مقصود ہے تو دوزخ
وعذاب کس لیے ہے۔

مین کہتا ہون کہ ایجاد سے بالذات مقصود
صرف اظہار فضل نہین ہے بلکہ اپنا دیکھنا
ہے باقی دوزخ اوس ظہور کے صاف کرنیکے
لیے ہے جو لوث امکان سے آلودہ ہوگیا ہے

تفصیل این مسئلہ بہ بسط و شرح
از رسالۂ فیض التقی توان جست

سوال یازدہم حق تعالے بخلق
محتاج بود یا نہ اگر بود پس نیاز لازم
می آید و اگر نہ بود از وجود خلق اورا
چہ فائدہ کہ یکے را بہ دوزخ و یکے
را بہ بہشت برد۔

اقول ع ما بہ او محتاج بودیم او بما
مشتاق بود ؛ دوزخ و بہشت این
ہمہ مقتضیات مرتبہ تفصیلی اند باقی
جواب بالتفصیل در ماسبق گذشت

سوال دوازدہم انچہ در ازل بر سر خلق
نوشتہ اند ہمان می شود پس ابوجہل
وقتے کہ نہ بود چہ گناہ کردہ کہ ابوجہل
شد و محمد وقتے کہ نہ بود چہ طاعت
کرد کہ پیغمبر شد

اقول باید دانست کہ بہ مقتضاے
فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُعْرَفَ محبت ظہور
ہنوز بہ غایت مقصد کہ عبارت از

اس مسئلہ کی تفصیل شرح و بسط سے رسالہ
فیض التقی فی حل مشکلات ابن العربی مین دیکھنا چاہیے

گیارھوان سوال - حق تعالے خلق کا
محتاج تھا یا نہین اگر تھا تو نیاز لازم آتا ہے
اور نہ تھا تو خلق کے وجود سے اوس کا
کیا فائدہ اور کیون کسی کو دوزخ اور کسی کو
جنت مین لیجائے گا۔

مین کہتا ہون کہ ہم اوس کے محتاج تھے
اور وہ ہمارا اشتاق تھا ؛ دوزخ و بہشت
مقتضیات مرتبۂ تفصیلی ہین۔ باقی
مفصل جواب پہلے ہوچکا۔

بارھوان سوال جو کچھ ازل مین خلق
کے لیے لکھدیا ہے وہی ہوتا ہے پس
ابوجہل جب نہ تھا تو اوس نے کون ایسا گناہ کیا
تھا جو وہ ابوجہل ہوا اور محمد صلعم نے جب وہ
نہ تھے کون ایسی طاعت کی جو وہ پیغمبر ہوے

مین کہتا ہون کہ بہ مقتضاے
فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُعْرَفَ
محبت ظہور اپنی غایت مقصد پر جو

معرفت قلبی و رویت علمی است نرسیده
بود تا در نشأ کاملہ و حقیقت جامعہ
حاملہ صورت انسانی ظہور خود ندید و مقصودش
بحصول نہ انجامید پس بدولت این
صورت جامعہ چندین عوالم و مظاہر
پیدا آورد و این ہمہ را بحسب هر
عالمے و مظہرے تدبیرے و تصرفے ہست
کہ وجدان ایشان تا حدے می رسد و
بحسب آن حکم قطعی می نماید و از روے
خبر مخبر صادق حکم حد دیگری می شنود
بران یقین می کند و ہر دو در نفس الامر
تعارض نہ دارند مگر بہ اعتبار اجراے احکام
عالمے بر عالمے دیگر مثلاً زید عمرو را کشت
حاکمان عادل او را بہ قصاص او کشتند
این قدر در وجدان ایشان می گنجد
و بحسب این علم فعل زید ظلم بود و فعل
حاکم کہ او را در جزاے عمل او کشت
سراسر انصاف و در عالمے دیگر اجل
عمرو تا این وقت نوشتہ بود و ملک الموت

معرفت قلبی اور رویت علمی سے مراد ہے
نہ پہونچی تھی جب تک نشأ کاملہ و حقیقت
جامعہ حاملہ صورت انسانی مین اپنا ظہور
نہ دیکھا اوس کا مقصود حاصل ہوا تو اس
صورت جامعہ کی بدولت اتنے عوالم و مظاہر
ظاہر کیے اور ان سب کو ہر عالم و مظہر کے
موافق ایک تدبیر و تصرف ہے جن کا وجدان
ایک حد تک پہونچتا اور ویسا ہی حکم قطعی
رکھتا ہے اور بخبر مخبر صادق دوسری حد
کا حکم سنتا اور اوس پر یقین کرتا ہے اور
دونون نفس الامر مین مختلف نہین مگر ایک
عالم کے احکام دوسرے عالم پر جاری کرنے
کے اعتبار سے مثلاً زید نے عمرو کو مار ڈالا حاکم
عادل نے اُس کو عمرو کے قصاص مین مار ڈالا
اس قدر اون کے وجدان مین آتا ہے
اور اس علم کے موافق زید کا فعل ظلم
تھا اور حاکم کا فعل سراسر انصاف اور
دوسرے عالم مین عمرو کی اجل اوسی وقت
تک لکھی تھی بحکم الٰہی ملک الموت نے

بحکم الٰہی بروقت معلوم روح او را قبض
کرد و این از وجدان ایشان بالاتر است
اکنون اگر کسے اعتراض کند کہ فعل
زید ظلم نہ بود حاکم چرا او را کشت روح
عمرو بہ اجل خود بہ دست ملک الموت
قبض شد زید را چہ گناہ حاکم او را بہ ظلم
کشت این اعتراض مستحق جواب نیست
زیرا کہ معترض خلط احکام عوالم در یک دیگر
چنانکہ کردہ است بر عاقل پوشیدہ نیست
پس ہمچنین صورت معینہ ابوجہل و غیرہ
کہ مقتضائے آن عالم بود و این از عالمے
کہ می پرسند حال آن این ست کہ
این گناہ و ثواب نیز کہ ہر یک می کنند کے
فاعل حقیقی اینہا بودہ اند ہمہ تقاضائے
دوئی صوری ست۔

سوال سیزدہم [۱۳]۔ حق تعالے فرمود
وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَمَا كُنْتُمْ پس اگر بدوزخ
رویم ہم او با ما خواہد بود پس از دوزخ
چہ عذاب و چگونہ خدا در دوزخ بیاید

وقت معین پر اوس کی روح قبض کی
اور یہ اون کے وجدان سے بالاتر ہے
اب اگر کوئی اعتراض کرے کہ زید کا فعل
ظلم نہ تھا حاکم نے کیون اوس کو مار ڈالا
عمرو اپنی مدت پر پہونچ کر مرا زید کا کیا
گناہ حاکم نے اوسے ظلم سے مارا تو یہ اعتراض
قابل جواب نہین کیونکہ معترض نے عوالم کے
احکام جس طرح باہم خلط کر دیے ہین وہ
عاقل پر مخفی نہین اسی طرح صورت معینہ
ابوجہل وغیرہ ہین جو اوس عالم کے مقتضا
تھے اور جس عالم کے متعلق سوال ہے اُس کا
یہ حال ہے کہ یہ گناہ و ثواب بھی جو ہر
ایک کرتے ہین اس کے کب وہ اصلی
فاعل ہین یہ سب تقاضائے دوئی
صوری ہے۔

تیرھوان سوال حق تعالے نے فرمایا کہ وہ
تمھارے ساتھ ہے جہان کہین تم ہو تو اگر ہم دوزخ مین جائین
تو بھی وہ ہمارے ساتھ ہوگا پس دوزخ سے عذاب
کا کیا ڈر اور کیسے دوزخ مین خدا جا سکتا ہے

واگر آن جا نخواہد بود پس معنی آیت
چہ خواہند بود معیت علمی این جا مراد
نمی تواند بود زیرا کہ بہ آن تصریح فرمودہ
است پس معیت ذاتی او چگونہ منقسم
شدہ و این ہمہ عذاب و ثواب
مطیعان از چہ رو است زیرا کہ کفر و ایمان
ہمہ بدست قدرت اوست ۔
اقول حقیقت واقعیہ بر مذہب اہل
توحید ہمین است کہ این ہمہ موجودات خود
وجود واجب الوجود است کہ بہ چندین
ہزار اشکال ظاہر است و بہ بے چونی
و چگونی بصد ہزار چونی و چگونی ہویدا
گشتہ غیر او موجود نیست ہر چہ ہست
از وست و ہمہ اوست صاحب فنا
فے الذات ذات خود را و تمامی عالم
را ذات حق پندارد و بہ یقین می داند
کہ حضرت حق از مرتبۂ اطلاق
نزول فرمودہ باین صور و اشکال
مختلفہ ظاہر شدہ ازین جا گفتہ اند

اور اگر وہان نہ ہوگا تو اوس آیت کے
کیا معنے ہون گے معیت علمی یہان مراد
ہو نہین سکتی ہے کیونکہ اوس کی
تصریح فرمائی ہے لہذا معیت ذاتی
اوس کی کیسے تقسیم ہوئی اور یہ عذاب
و ثواب کیون ہے کیونکہ ایمان و کفر سب
اوہی کے قبضۂ قدرت مین ہین
مین کہتا ہون کہ حقیقت واقعی اہل توحید
کے مذہب پر یہ ہے کہ یہ سب موجودات
خود وجود واجب الوجود ہے جو اس قدر
شکلون مین ظاہر ہے اور با وجود بے چونی
و چگونی لاکھون طرح سے ظاہر ہوا
ہے اوس کے سوا کچھ نہین جو کچھ ہے
سب وہی ہے صاحب فنا فی الذات
اپنی اور تمام عالم کی ذات کو ذات
حق سمجھتا ہے اور یہ یقین کرتا ہے
کہ حضرت حق مرتبۂ اطلاق سے نزول
کر کے مختلف صورتون اور شکلون مین
ظاہر ہوا ہے اسی لیے یہ ارشاد ہوا کہ

مَنْ عَرَفَ نَفْسَهٗ فَقَدْ عَرَفَ
رَبَّهٗ وَعَرَفْتُ رَبِّیْ بِرَبِّیْ
تاکہ من آدم بودم شناختم خود را
وچون از خود رفتم حق را حق
شناخت۔

سوال چہاردہم۔ چون حق فرمود
کہ وَاللّٰہُ یَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا یَخْفٰی
وَاللّٰہُ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ پس چہ
حاجت کہ کراماً کاتبین احوال ہرکس
بنویسند۔

اقول این حسب قاعدہ مقررہ ما اینست
کہ درین نشأہ دنیا ہر امر بہ شہادت دو
کس محتاج می شویم آن جا ہم ہمچو
معاملات این جا برائے تسلی و تسکین
و زجر بر فرشتگان می فرماید کہ برائے
خلافت آدم مانع شدہ بودند اکنون بر
ایشان مخالفان را مسلط داشتہ
تا شرمندہ وار آگاہ مانند و بر جزائے
کردارہائے نیک و بد آگاہ مانند سوئے

جس نے اپنے نفس کو پہچانا اوس نے اپنے
پروردگار کو پہچانا۔ اور مین نے اپنے رب کو
رب سے پہچانا جب تک مین آدم تھا
مین نے اپنے کو پہچانا اور جب میری خودی
جاتی رہی تو حق نے حق کو پہچانا۔

چودھوان سوال حق تعالے
فرماتا ہے کہ اللہ کھلا اور چھپا سب
جانتا ہے" اور۔ اللہ ہر چیز جانتا ہے پھر
اس کی کیا ضرورت کہ کراماً کاتبین ہر
شخص کے حالات لکھین۔

مین کہتا ہون کہ یہ ہمارے مقررہ قاعدہ کے
موافق ہے کہ ہم کو دنیا کے ہر کام مین دو آدمیون
کی گواہی کی ضرورت ہوتی ہے وہان
بھی یہین کے معاملات کی طرح تسلی
وتسکین اور اون فرشتون پر زجر کے
لیے فرمائے گا جو خلافت آدم کے خلاف
تھے اب ان پر مخالفین کو مسلط کیا
تاکہ شرمندہ ہو کر خبردار رہین اور
اچھے برے افعال کی جزا پر آگاہ ہوکر

اعمال صالحہ رغبتے و میلے زیادہ
نمایند پس ہر کہ اعمال نیک بجا آورد
حق تعالے بعد حساب از فرشتگان
خواہد فرمود کہ ببینید این ہمان سفاک
ظنی شما است و ہر کہ بد کردار و بروے
مخالفانِ خویش شرمندہ خواہد شد و
دران پشیمانی حق بجانب او خواہد بود
این است نزد اہل ظاہر اما اہل توحید
کہ ہمہ یکے دانند و غیر او در میان نبینند
می گویند کہ این ہمہ خود اوست و از و
چہ ممکن بذاتہ وجود ندارد نہ ذہناً و نہ خارجاً
پس نظر بذات او تمام مفہومات از و
مسلوب باشند و ہیچ مفہوم او را باین
اعتبار ثابت نہ باشد چنانکہ در کتب
عقلیہ در تحت ماہیت مقرر شدہ و ہمین
منوال نہ موجود باشد و نہ معدوم
زیرا کہ صدق موجبہ مستدعی وجود موضوع
است و چون عدم در حد ذات خود
وجود از و مسلوب است پس عدم نیز از و

نیک اعمال کی طرف زیادہ رغبت کرین
جو شخص نیک کام کرے گا تو حق تعالے
بعد حساب فرشتون سے فرمائیگا کہ دیکھو
وہی ہے جسے تم سفاک سمجھتے تھے اور جو برائی
کرے گا وہ اپنے مخالفون کے روبرو شرمندہ
ہوگا اور اوس پشیمانی مین حق بجانب
ہوگا یہ اہل ظاہر کے نزدیک ہے مگر
موحدین جو سب ایک جانتے اور کسیکو
غیر نہین دیکھتے یہ کہتے ہین کہ یہ سب
خود وہی ہے اور اوسی سے کیونکہ ممکن
بذاتہ ذہناً و خارجاً موجود نہین لہذا
بلحاظ اوس کی ذات کے تمام مفہومات
اوس سے مسلوب ہین اور کوئی مفہوم
اس اعتبار سے اوس کو ثابت نہین
جیسا کہ کتب عقلیہ مین ماہیت کے تحت
مین مقرر ہوا اور اسی طرح نہ موجود ہوگا
نہ معدوم کیونکہ صدق موجبہ مستدعی
وجود موضوع ہے اور چونکہ وجود عدم سے
فی نفسہ مسلوب ہے تو عدم بھی اوس سے

مسلوب باشد و عدم از جملہ مفہومات
خارجیہ است چہ نہ عین است و نہ جزو او
پس آن نیز از و مسلوب باشد و انچہ
متاخرین گفتہ اند کہ صدق موجبہ
سالبۃ المحمول مقتضی وجود موضوع نیست
خلاف تحقیق است و انچہ گفتہ اند کہ
عقل از مقدمۂ مشہورہ کہ ثبوت شئ مر شئ
را مقتضی وجود موضوع است استثناء
محمول سلبی می کند و استثناے محمول
عدولی نمی کند تحکمے صریح است کہ عقل سلیم
مساعد او نیست بلکہ این قضیہ کہ ایشان
آن را سالبۃ المحمول نام کردہ اند معدولہ
است چہ حرف سلب جزو محمول است و
در کتب عقلیہ تحقیق این بسیار است
پس انچہ مشہور است کہ ممکن در ذات
خود معدوم است باین معنی فرا باید گرفت
کہ بہ ذوات خود موجود نیند نہ آن کہ صفت
عدم او را ثابت است زیرا کہ این معنی
اقتضاے آن می کند کہ آن خود بہ ذات

مسلوب ہوگا اور عدم منجملہ مفہومات
خارجیہ کے ہے کیونکہ نہ اوس کا عین ہے نہ
جزو تو وہ بھی اوس سے مسلوب ہوگا اور یہ
جو متاخرین کا مقولہ ہے کہ صدق موجبہ
سالبۃ المحمول مقتضی وجود موضوع نہین ہے
یہ تحقیق کے خلاف ہے اور یہ جو کہا ہے کہ
عقل مقدمۂ مشہورہ سے (کہ شئ کا ثبوت
شئ کے لیے وجود موضوع کا مقتضی ہے)
استثناے محمول سلبی کرتی ہے اور
استثناے محمول عدولی نہین کرتی یہ
صریح تحکم ہے جس کے عقل سلیم موافق
نہین بلکہ یہ قضیہ جس کو وہ سالبۃ المحمول
کہتے ہین معدولہ ہے کیونکہ حرف سلب
جزو محمول ہے اور کتب عقلیہ مین اس کی
بہت تحقیق ہے تو یہ جو مشہور ہے کہ ممکن
اپنی ذات مین معدوم ہے اوس کے یہ
معنے لینا چاہیے کہ اپنی ذات سے موجود نہین
ہے نہ یہ کہ صفت عدم اوس کے لیے ہے
کیونکہ یہ معنی اس کے مقتضی ہین کہ وہ بذات خود

خود ثابت باشد بنحوے از انحاء ثبوت و
معلوم است کہ ممکن را ہیچ ثبوتے از ذات
خود نیست چنانچہ در بحث مجعولیت ماہیات
مفصل مذکور است و آنچہ شیخ محی الدین
ابن عربی در رسالۂ انشاء الدوایر می فرماید
کہ معدوم عین عدم است و امرے
زائد بر عدم نیست غرض شیخ آن نیست
کہ او را صفتے ثابت ہست و چگونہ چیزے کہ
اصلا ثبوت نہ داشتہ باشد او را صفتے
ثابت باشد بلکہ غرضش آن ست کہ او را
ہیچ ذات و صفت نیست پس تعین
او نتوان کرد مگر بحسب فرض و عبارت
شیخ مشعر براین است کما لا یخفی و ازین
بحث معلوم شد کہ آنچہ در علوم عقلیہ
مقرر شدہ کہ ممکن اگرچہ قدیم زمانی باشد
حادث است باین معنی کہ عدم او
سابق بر وجود اوست پس محمول ست
بر تقدم سلب ثبوت نہ بر تقدم ثبوت
سلب و در تقدم سلب ثبوت نیز

اُسی کسی طرح ثابت ہو اور معلوم ہے
کہ ممکن کے لیے کوئی ثبوت ذاتی نہین ہے
چنانچہ بحث مجعولیت ماہیات مین
مفصل مذکور ہے اور یہ جو حضرت شیخ اکبر
رسالۂ انشاء الدوایر مین فرماتے
ہین کہ معدوم عین عدم ہے کوئی امر
زائد بر عدم نہین تو اون کا مطلب یہ
نہین ہے کہ اوس کے لیے کوئی صفت
ثابت ہے کیونکہ جو چیز بالکل ثابت ہی
نہ ہوگی کیسے اوس کی کوئی صفت پائی
جائیگی بلکہ اون کی غرض یہ ہے کہ اوکی
نہ کوئی ذات ہے نہ صفت پس اوس کا
تعین فرضی ہے اور یہی اون کی عبارت
سے معلوم ہوتا ہے اس بحث سے معلوم
ہوا کہ یہ جو علوم عقلیہ مین مقرر ہے کہ ممکن
اگرچہ قدیم زمانی ہو حادث ہے اس لیے کہ
اوس کا عدم اوس کے وجود پہ سابق ہے
تو تقدم سلب ثبوت پر محمول ہے نہ تقدم
ثبوت سلب پر اور تقدم سلب ثبوت مین بھی

غموضے تمام است چنانچہ در تعلیقات و
حواشی کتب عقلیہ تفصیل آن موجود است
باید کہ طالب بہ آن رجوع نماید و چون
مقرر شد کہ موجود حقیقی غیر حق نیست
و ہرچہ غیر اوست نسبت بہ آن ذات
موجود نامی شود پس ہر کمالے کہ در ممکن
ظاہر شود فرع و ظل کمال او باشد
نہ آنکہ کمال آنحضرت از ممکنات باشد
اگر گوئی کہ چون حق ازلاً و ابداً بہ جمیع
صفات کمال متصف است و غناے
ذاتی آنحضرت مسلم پس ایجاد عالم چرا
فرمود گویم کہ اسماے الٰہی مقتضی ظہور در
مجالے عینی اند مثلاً حسن مقتضی تجلی
عشقی است منقول است کہ حضرت
خواجہ روزبہان در اول حال کہ خطۂ
شیراز را بہ قدوم خویش مورد برکات
ساخت در جامع عتیق متصدی تذکیر
شد روز اول کہ می رفت تا وعظ گوید در
راہ دید کہ زنے دختر خود را نصیحت می کرد کہ

دقت تمام ہے جس کی تفصیل تعلیقات و
حواشی کتب عقلیہ مین موجود ہے طالب کو
دیکھنا چاہیے اور جب یہ ثابت ہوگیا کہ بجز
حق کے موجود حقیقی کوئی نہین اور اوس کے
علاوہ جو کچھ ہے وہ اوسی کی طرف منسوب
ہونے سے موجود ہے تو جو کمال ممکن
مین ظاہر ہوگا وہ اوس کے کمال
کا فرع و ظل ہوگا نہ یہ کہ اوس کا کمال
بذریعہ ممکنات ہو اگر یہ کہا جائے کہ جب
حق ازلاً ابداً کل صفات کمال سے متصف
ہے اور اوس کا غناے ذاتی مسلم ہے تو
عالم کی ایجاد اوس نے کیون فرمائی
تو مین کہون گا کہ اسماے الٰہی مجالی
عینی مین ظہور کے مقتضی ہین جیسے حسن
تجلی عشقی کا مقتضی ہے نقل ہے کہ
حضرت خواجہ روزبہان جب شیراز تشریف
لائے اور جامع عتیق مین واعظ مقرر ہوئے ایک
روز وعظ کہنے جا رہے تھے راستہ مین دیکھا کہ
ایک عورت اپنی لڑکی کو نصیحت کر رہی تھی کہ

اے دختر حسن خود را پوشیدہ دار تا خوار
و بے اعتبار نہ گردی شیخ چون این
سخن بشنید گفت اے زن حسن بہ آن
راضی نیست کہ تنہا و متفرد باشد البتہ
می خواہد کہ با عاشق قرین باشد و
حسن و عشق را در ازل باہم عہدے بستہ
اند کہ ہرگز از ہم جدا نہ شوند شیخ چون
بہ مجلس درآمد اول این حکایت را
نقل کرد اصحاب را از استماع این چندان
وجد و حال رسید کہ بعضے از خود شدند
و برخے خود را دادند و بیان این معنی
بہ زبان دیگر آن کہ وجود الٰہی بر مقتضائے
ارادہ افاضہ پرتو نور وجود بر اعیان
